港燈
HK Electric

# گھر میں بجلی کا مناسب استعمال



## روشنی



جب آپ گھر میں موجود ہوں تو کمرے کی لائٹ بند کردیں، جب کسی کے استعمال میں نہ ہو۔ صرف ضرورت کے مطابق کم سے کم تعداد میں لائٹ کا استعمال کریں، ضرورت سے زیادہ پاور والی لائٹس کا استعمال ترک کردیں، کم طاقت والے بلب ہی استعمال کریں۔

## کپڑے دھونے کی مشین



مشین کو اس کے کپڑے دھونے کی صلاحیت سے کم کپڑے ڈال کر چلانا ضیاع ہے۔ مشین کو کم درجہ حرارت پر یا اس کی پروگرامنگ کم سے کم رکھ کر چلائیں۔

اوپر دی گئیں ہدایات کی آپ بہ آسانی روز مرہ زندگی میں عادت بنا سکتے ہیں۔ ایک اچھی عادت آپ کی جیب اور ماحول دونوں کو فائدہ دے سکتی ہے۔

HEC (Urdu) Printed on Recycled Paper 2009/08/1000



## بجلی سے چلنے والی استری

استری کا درجہ حرارت ضرورت کے مطابق رکھیں، سب کچھ استری نہ کرے، تولیہ، زیر جامہ، پانی گرتی ہوئی شرٹ وغیرہ کو ضروری نہیں کہ استری کیا جائے۔

## کپڑے سکھانے کی مشین

کپڑوں کو سکھانے سے پہلے جہاں تک ممکن ہو سکے پانی نکال لیں، مشین چلانے سے پہلے مکمل طور سے لوڈ کرلیں اور ضرورت سے زیادہ کپڑے خشک نہ کریں۔





## ٹیلی ویژن

اگر کوئی ٹیلی ویژن نہیں دیکھ رہا تو اس کو بند کر دیں۔ ٹیلی ویژن کو بطور پس منظر موسیقی سننے کے لئے استعمال نہ کریں۔

بجلی سے چلنے والے، گھریلو آلات گھروں کا لازمی حصہ تصور کئے جاتے ہیں کیونکہ یہ گھریلو کاموں کو سہل بنانے میں مدد دیتے ہیں اور کافی موثر ہیں۔ جہاں ہم ان کو استعمال کرتے ہوئے کافی لطف اٹھاتے ہیں، وہاں ہمیں توانائی کے مناسب طریقے سے استعمال کو ضرور مدنظر رکھنا چاہئے۔

اپنے آلات بجلی کو سمجھداری سے استعمال کرتے ہوئے بجلی کی بچت کرنے سے ناصرف آپ اپنے پیسوں کی بچت کریں‌گے بلکہ آپ ماحول کو بھی نقصان سے بچانے میں بھی مددگار ثابت ہوں گے۔

بجلی کے غیر ضروری استعمال سے بچنے کیلئے مندرجہ ذیل کچھ آسان طریقے ہیں۔

## ریفریجریٹر

ریفریجریٹر کا دروازہ مناسب طریقے سے بندہوتا ہے اس بات کی تصدیق کر لیں۔ ریفریجریٹر کا دروازہ غیرضروری طو ر پر کھولنے سے اجتناب برتیں۔ ریفریجیریٹر کا درجہ حرارت ضرورت سے زیادہ نقطے پر نہ رکھیں، ریفریجریٹر میں زیادہ مقدار میں برف جمنے سے بجلی کا ضیاع ہوتا ہے، ریفریجریٹر کی برف کو پابندی سے صاف کر لیا کریں۔





## کوکر

کھانے کے برتن ڈھانپ کر دکھیں اورپانی کاضرورت سے زیادہ استعمال نہ کریں

## فلورپالشر اور ویکیوم کلینر

قالین کو ویکیوم سے صاف کرنے کی تعداد میں کمی کریں اور فرش کو پالش کریں۔






## کیتلی

اپنی ضرورت کے مطابق ہی پانی ابالیں، سیٹی والی کیتلی پانی میں آبال آتے ہی بتا دیتی ہے اورآپ بجلی کی بچت کرتے ہے۔ خود کار طریقے سے بند ہونے والی کیتلیاں بجلی کی بچت کے نقطہ نظر سے زیادہ موثر ثابت ہوتی ہیں۔

## ایئر کنڈیشنر

اپنے ایئرکنڈیشنر کے تھرمواسٹیٹ کو سب سے سرد نقطے پر نہ رکھیں، دروازے اور کھڑکیاں بند کرنا نہ بھولیں۔



## پانی کا ہیٹر

ہیٹر کا تھرمواسٹیٹ چیک کریں اور گرمیوں میں اس کی سیٹنگ کم کردیں۔

نہانے کے لئے کم پانی استعمال کریں، ایسا کرنے سے آپ بجلی کی د و تہائی تک بچت کر سکتے ہیں۔

